## مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ٹیلی فون پر مبارکباد

### مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینے سے پاکستان کو پوری دنیا میں عزت ملی ہے، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

### مصطفیٰ کمال کراچی کا نہیں پاکستان کا میئر ہے، یہ پاکستان کی فتح اور ملک بھر کے عوام کیلئے باعث فخر ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔11، نومبر 2008ء۔۔۔وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو ٹیلی فون کر کے انہیں سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ یہ آپ کی تربیت کا نتیجہ ہے کہ آج سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا جار ہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کامیابی سے پاکستان کو پوری دنیا میں عزت ملی ہے جس پر ہم فخر محسوس کرتے ہیں اور آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ انشاءاللہ ایم کیوایم کے تعاون سے ملک میں جمہوریت مستحکم ہوگی اور ملک ترقی کرے گا۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مصطفیٰ کمال صرف ایم کیوایم کا نہیں بلکہ آپ کا اور پورے پاکستان کا میئر ہے اور انہیں دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینا پاکستان کی فتح اور ملک بھر کے عوام کیلئے باعث فخر ہے۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حضرت غوث الاعظمؒ کے صدقہ پاکستان کو درپیش بحرانوں سے نجات دلائے اور ملک وقوم کو اندرونی و بیرونی خطرات سے محفوظ رکھے۔

## سابق صدر جنرل پرویز مشرف کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو

### سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر مبارکباد پیش کی

### مصطفیٰ کمال کو دنیا کا بہترین میئر قرار دیا جانا ملک کیلئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ سابق صدر پرویز مشرف

لندن۔۔۔11 نومبر 2008ء۔۔۔سابق صدر جنرل پرویز مشرف نے سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کر کے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے سابق صدر پرویز مشرف نے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے کراچی کی تعمیر وترقی کیلئے بہت اچھا کام کیا اور انہیں دنیا کا بہترین میئر قرار دیا جانا ملک کیلئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔سابق صدر نے تعمیر وترقی کیلئے محنت و جانفشانی اور کوآرڈی نیشن سے کام کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی تعریف کی۔ جناب الطاف حسین نے اپنے دور حکومت میں کراچی کی سٹی گورنمنٹ اور دیگر بلدیاتی اداروں کے جائز مسائل پر توجہ دینے پر سابق صدر پرویز مشرف کا شکریہ ادا کیا۔

## مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر آغا سراج درانی کی الطاف حسین کو ٹیلی فون پر مبارکباد

### مصطفیٰ کمال نے کراچی کی ترقی کیلئے بہت محنت سے کام کیا ہے، ہم چاہیں گے کہ مصطفیٰ کمال دنیا کے نمبرون میئر قرار دیئے جائیں، آغا سراج درانی

### کراچی میں ترقی کا سہرا آپکے سر جاتا ہے اور آپکے لوگ آپکی رہنمائی میں ترقی کیلئے رات دن کام کر رہے ہیں۔ سراج درانی

### دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر صرف مصطفیٰ کمال کا نام نہیں ہوا ہے بلکہ آغا سراج درانی کا بھی نام ہوا، الطاف حسین

لندن۔۔۔11، نومبر 2008ء۔۔۔سندھ کے وزیر بلدیات آغا سراج درانی نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کر کے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی۔آغا سراج درانی نے جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ مصطفیٰ کمال نے کراچی کی ترقی کیلئے بہت محنت سے کام کیا ہے اور دنیا میں بہت کم لوگ ہوتے ہیں جو کم عمری میں اتنا نام کماتے ہیں۔سراج درانی نے کہا کہ آج مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا گیا ہے اور ہم چاہیں گے کہ وہ دنیا کے نمبرون میئر قرار دیئے جائیں۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ کراچی میں ترقی کا سہرا آپکے سر جاتا ہے اور آپکے لوگ آپکی رہنمائی میں ہی ترقی کیلئے رات دن کام کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سٹی ناظم کراچی اور دیگر تمام حق پرست نمائندے بہت تعاون کرتے ہیں اور ہم سب مل جل کر کراچی اور سندھ کی ترقی کیلئے کام کریں گے اور سندھ دھرتی کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔آغا سراج درانی نے

صدارتی انتخاب کیلئے صدر آصف علی زرداری کا نام تجویز کرنے پر بھی جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ جناب الطاف حسین نے صوبائی وزیر بلدیات آغا سراج درانی سے کہا کہ مصطفیٰ کمال کی کامیابی، آپ کی کامیابی ہے اور دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر صرف مصطفیٰ کمال کا نام نہیں ہوا ہے بلکہ آغا سراج درانی کا بھی نام ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے جس طرح شہری حکومت اور حق پرست نمائندوں سے تعاون کیا اور ہوشمندی کا مظاہرہ کر کے سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی سازش کو ناکام بنایا ہے اس پر میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## وفاقی وزیر خورشید شاہ کا الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ

## سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینا ہم سب کیلئے خوشی کی بات ہے، خورشید شاہ

## مصطفیٰ کمال صرف ایم کیو ایم کے ہی نہیں بلکہ آپ کے اور سندھ دھرتی کے بھی میئر ہیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔11، نومبر 2008ء۔۔۔ پیپلز پارٹی کے وفاقی وزیر سید خورشید شاہ نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور انہیں سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر دل کی گہرائی سے مبارکباد پیش کی۔ خورشید شاہ نے منگل کے روز ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن ٹیلی فون پر جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکی جریدے ''فارن پالیسی'' میں سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینا ہم سب کیلئے انتہائی خوشی کی بات ہے اور میں اس کامیابی پر آپ کو دل کی گہرائی سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے خورشید شاہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مصطفیٰ کمال صرف ایم کیو ایم کے ہی نہیں بلکہ آپ کے اور سندھ دھرتی کے بھی میئر ہیں اور مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینا سندھ بھر کے عوام کیلئے خوشی کی بات ہے۔ اس موقع پر خورشید شاہ نے جناب الطاف حسین کو اپنے صاحبزادے کے ولیمے میں شرکت کی دعوت دی جس پر جناب الطاف حسین نے خورشید شاہ کو انکے صاحبزادے سید فرخ احمد شاہ کی شادی کی دلی مبارکباد پیش کی اور دلہا دلہن کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینا پاکستان کے محبّ وطن عوام کیلئے فخر کا باعث ہے

## پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مبارکباد کے پیغامات

لندن۔۔۔11، نومبر 2008ء۔۔۔ حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نام مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے ہیں۔ ای میل، فیکس اور ٹیلی فون کے ذریعہ تہنیتی پیغامات بھیجنے والوں میں سیاسی وسماجی تنظیموں کے نمائندوں، معروف صنعتکار، ڈاکٹر ارشد وہرہ، خالد تواب، زیاد بشیر، معروف دانشور وڈرامہ نگار محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، وفاقی وصوبائی وزراء، تاجروں، صنعتکاروں، دانشوروں، شعراء، کالم نگار، خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان کے نمائندوں، اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے علاوہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے کارکنان شامل ہیں۔ مبارکباد کے پیغامات بھیجنے والوں نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دینے پر جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی پاکستان بھر کے محبّ وطن عوام کیلئے فخر کا باعث ہے کہ ایک غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی جماعت ایم کیو ایم کا نمائندہ آج دنیا کے بہترین میئر میں دوسرے نمبر پر شمار کیا جارہا ہے۔ ٹیلی فون پر مبارکباد کے پیغامات دینے والے افراد نے لندن میں حق پرست سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال سے براہ راست گفتگو بھی کی اور انہیں اس کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔

## پاکستانی بنگالیوں کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کریں گے، کشور زہرہ، زرین مجید

## ہم نے الطاف حسین کا دامن تھام لیا ہے اب کوئی ہمارا استحصال نہیں کر سکے گا، شیخ فیروز

## پاکستانی بنگالیز ایکشن کمیٹی کے زیراہتمام خواتین کے بڑے ورکرز کنونشن سے خطاب

کراچی۔۔۔11/نومبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرا اور رکن سندھ اسمبلی محترمہ زرین مجید نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم قائد تحریک جناب

الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور تعلیمات کے تحت بنگالیوں سمیت پاکستان کے تمام مظلوم عوام کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح جدوجہد کرتی رہے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستانی بنگالیز ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام خواتین کے ایک بڑے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کنونشن سے محترمہ ناہید اور پی سی اے سی کے بانی وچیئر مین شیخ فیروز نے بھی خطاب کیا۔محترمہ کشور زہرا اور محترمہ زرین مجید نے کہا کہ صوبہ سرحد، آزاد کشمیر یا بلوچستان کے زلزلے اور دیگر آفات کی صورت میں ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت میں پیش پیش رہی ہے اور ایم کیوایم نے بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان عوام کی عملی خدمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور تعلیمات کے تحت پاکستان میں بسنے والے بنگالیوں کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر جدوجہد کرتی رہے گی۔کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے پی بی اے سی کے بانی وچیئر مین شیخ فیروز نے کہا کہ 1971ء میں ہم نے بنگلہ دیش کے بجائے پاکستان ہی میں رہنے اور خود کو پاکستانی کہلوانے کو ترجیح دی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی ومذہبی جماعتوں نے بنگالی عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کا وعدہ کیا لیکن انہوں نے بنگالی عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے انہیں دھوکہ دیا۔انہوں نے کا کہا کہ اب بنگالی عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا دامن تھام لیا ہے اور انشاء اللہ اب حق پرست قیادت کے تحت بنگالی عوام کے دیرینہ مسائل ضرور حل ہونگے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ہزاروں بنگالی خواتین نے بھی آج اپنے گھروں سے نکل کر ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے یکجہتی کا اظہار کردیا ہے اور انشاء اللہ مظلوم عوام کا یہ اتحاد پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

## ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کے کلنگ کے واقعات ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہیں، ارکان قومی اسمبلی دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن گلزار اوران کے والد عبدالرشید کے قتل پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔11رنومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن گلزار اوران کے والد عبدالرشید کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات ملک بھر کے محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب ایم کیوایم کے منتخب نمائندے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے دن رات جدوجہد کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کا قتل کراچی کا امن وسکون تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ملیر میں ایم کیوایم کے کارکن گلزار اوران کے والد عبدالرشید کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا سے دی جائے۔

☆☆☆☆☆